# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔ڈیوس روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

**وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں**

لاہور: **19** اگست **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت 10 ہزار 50 تا 65 ہارس پاور ٹریکٹرز 7 لاکھ 50 ہزار روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر فراہم کرنے کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار اس پروگرام کے تحت درخواست جمع کرانے کیلئے پورٹل /https://gts.punjab.gov.pk یا محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk کا وزٹ کریں جبکہ غیر کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں یا محکمہ زراعت توسیع کے دفاتر سے درخواست فارم مفت حاصل کر سکتے ہیں۔درخواست فارم مکمل کوائف کے ساتھ متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔اس پروگرام کے تحت درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2026 ہے۔مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) پنجاب کے متعلقہ دفاتر سے رابطہ کیا جا سکتا ہے یا زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر روزانہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک کال کی جا سکتی ہے۔

☆☆☆☆